کتاب نما

امام الانبیاؐ کا سفرِ حج، تالیف: انجینیر محمد ارشد۔ ناشر: مکتبہ اسلامیہ، ہادیہ حلیمہ سنٹر، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۲۴۴۹۷۳-۰۴۲۔ صفحات: ۲۰۰۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔

بقول مؤلف: ''اس کتاب کا مقصد امام الانبیاؐ کے حج و عمرے کے طریقے (سنّت)، واقعات کو ایک مسلمان تک پہنچانا ہے تاکہ وہ اس عظیم عبادت اور فرض کی ادایگی میں امام الانبیاؐ کی اِتباع کو حرزِ جاں بنائیں''۔ بلاشبہہ مؤلف اس مقصد میں کامیاب رہے ہیں۔ اس کا بڑا سبب احادیث نبویؐ پر مصنف کی گہری نظر ہے۔

پہلے باب میں انھوں نے قرآنِ حکیم کی وہ آیات (مع ترجمہ) یک جا کی ہیں، جن میں کسی بھی پہلو سے حج اور عمرے کا ذکر آتا ہے۔ بعدازاں رسولؐ اللہ کے عمروں کا تذکرہ ہے اور عمروں کے مسائل و احکامات، احادیث کی روشنی میں بتائے ہیں۔ مابعد ابواب میں آپؐ کے سفرِ حجۃ الوداع، مکہ میں آمد اور مسجد الحرام میں مناسکِ حج کی ادایگی کا ذکر ہے۔ پھر قیامِ مکّہ، عرفات میں قیام و وقوف، مزدلفہ میں قیام و وقوف، منیٰ میں قربانی، حلق، طوافِ زیارت، ایام تشریق، طوافِ وِداع اور مکہ سے واپس مدینہ سفر کے واقعات اور حیاتِ طیبہ کے آخری ایام کی رُوداد۔ اسی طرح اُم المومنین حضرت عائشہؓ سے خواتین کے لیے عمرے کی راہ نمائی ملتی ہے۔ جملہ واقعات، حدیث کے الفاظ (اُردو ترجمہ) میں بیان کیے گئے ہیں۔ مصنف نے اپنی طرف سے کہیں کہیں مختصراً وضاحت بھی کی ہے۔ ہر ہر مرحلے کی تاریخ، دن اور کہیں کہیں وقت کی وضاحت بھی کی گئی ہے۔ مؤلف نے 'پیش لفظ' میں بطورِ مآخذ کتبِ احادیث اور ویب لنکس کے نام بھی دے دیے ہیں۔ معیارِ طباعت و اشاعت اطمینان بخش ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)